13705 ـ سكول ميں نماز ادا كرنا چاہتا ہے ليكن نماز كے ليے جگہ نہيں ہے

سوال

اگر آپ شام چار بجے تك سكول ميں رہيں اور ظہر كى نماز ادا كرنا چاہيں، ليكن نماز كے ليے جگہ نہ ہو تو كيا كرينگے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

اللہ سبحانہ وتعالى نے امت مسلمہ پر بہت سے عظيم انعامات كيے ہيں جن ميں سے كچھ ايسے انعامات ہيں جو اس امت كے ساتھ خاص ہيں، پہلى امتوں پر وہ انعام نہيں ہوئے، ان خصوصيات ميں يہ بھى شامل ہے كہ وہ كسى بھى پاك اور طاہر جگہ پر نماز ادا كر سكتے ہيں، ليكن كسى نجس اور ناپاك يا پھر ممنوع جگہ پر نماز ادا نہيں كر سكتے.

بخارى اور مسلم شريف كى حديث ميں جابر بن عبد اللہ رضى اللہ تعالى عنہما سے مروى ہے كہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

" مجھے پانچ ايسى چيزيں دى گئى ہيں جو مجھ سے پہلے انبياء كو نہيں دى گئيں، ايك ماہ كى مسافت پر رعب كے ساتھ ميرى مدد كى گئى ہے، اور ميرے ليے سارى مسجد پاكيزہ اور طاہر بنائى گئى ہے، اور ميرى امت كے كسى شخص كو بھى جہاں نماز كا وقت ہو وہيں نمازادا كرلے، اور ميرے ليے غنيمت حلال كي گئى ہے، اور پہلے نبى خاص كر اپنى قوم كے ليے مبعوث كيا جاتا تھا، ليكن ميں سب لوگوں كے ليے مبعوث كيا گيا ہوں، اور مجھے شفاعت دى گئى ہے "

صحيح بخارى حديث نمبر (419) صحيح مسلم حديث نمبر (810).

اس ميں كوئى شك نہيں كہ يہ مسلمانوں پر بہت عظيم نعمت اور آسانى ہے، چنانچہ آپ كو سكول ميں كسى بھى پاك صاف جگہ پر نماز ادا كر لينى چاہيے.

مزيد اہميت كے پيش نظر آپ سوال نمبر (9455) كے جواب كا مطالعہ ضرور كريں.

جن جگہوں پر شريعت نے نماز ادا كرنا ممنوع قرار ديا ہے ان ميں درج ذيل جگہيں شامل ہيں:

قبرستان، بيت الخلاء، شامل ہے.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" زمین ساری کی ساری مسجد ہے، ماسوائے قبرستان اور بیت الخلاء کے"

سنن ترمذی کتاب الصلاۃ حدیث نمبر (291) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ترمذی حدیث نمبر (262) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

اور اسی طرح اونٹ کے باڑہ اور دوسری جگہ جہاں شریعت نماز کی ادائیگی میں حرمت پر دلالت کرتی وہاں بھی نماز ادا کرنا بھی ممنوع ہے.

اور اس میں کوئی شك و شبہ نہیں کہ نماز کا معاملہ ایسا ہے جس میں سستی و کاہلی نہیں کرنی چاہیے، بلکہ آپ وقت نکلنے سے قبل نماز کی ادائیگی کی حرص رکھیں، اور کوشش کریں.

اللہ تعالی آپ کو اپنی اطاعت و فرمانبرداری کرنے کی توفیق نصیب فرمائے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

واللہ اعلم .